
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ activities کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سوچنے اور سیکھنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

## تیاری

کلاس میں جانے سے پہلے رنگین کاغذ، مارکر اور پینسلوں کا بندوبست کرلیں۔

10 منٹ
- کہانی کی پڑھائی سے پہلے بچوں میں رنگین کاغذ تقسیم کریں اور ان سے کہیں کہ اس کاغذ پر ان کا جو دل چاہتا ہے وہ بنائیں اس میں رنگ بھریں۔ بچے جب کام مکمل کرلیں تو کلاس کے چند بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی بنائی ہوئی تصویر کے بارے میں دو سے تین جملوں میں بتائیں کہ انھوں نے اس تصویر میں کیا بنایا ہے۔

15 منٹ
- مندرجہ بالا کام مکمل ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ آج جب انھیں اپنی مرضی سے ڈرائنگ کرنے کا موقع ملا تو انھیں کیسا محسوس ہوا۔ اسی طرح زندگی میں اکثر ہمارا بہت کچھ کرنے کا دل چاہتا ہے۔ آج اسی حوالے سے ہم کہانی پڑھیں گے۔ کہانی کبھی دل چاہتا ہے تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔

15 منٹ
- کہانی کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد بچوں سے ان کی کہانی کے بارے میں رائے پوچھیں۔

## نوٹ

بچوں نے آج کلاس میں جو ڈرائنگ بنائی ہے اس کا کلاس میں ڈسپلے کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- کہانی پڑھ کر امی کو سنائیں۔ امی سے پوچھیں ان کا کیا کرنے کا دل چاہتا ہے۔ ایسے 10 کاموں کی فہرست لکھ کر لائیں۔ اپنی کوئی تصویر لے کر آئیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- کلاس کے 8-6 بچوں سے کہیں کہ گھر سے جو فہرست لکھ کر لائے ہیں وہ پڑھ کر سنائیں۔

- ٹیچر درج ذیل پیراگراف بورڈ پر لکھیں بچے اسے اپنی کوپی میں اتاریں اور اپنی مرضی سے خالی جگہ پُر کریں۔ کئے گئے کام کے سامنے بچے اپنی تصویر لگائیں۔

20 منٹ

- میرا نام________ہے۔

میرا دل چاہتا ہے میرا نام________ہوتا۔

میں________کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔

لیکن میرا دل چاہتا ہے کہ میں________میں ہوتا/ہوتی۔

میرے دوست کا نام________ہے

میں چاہتا ہوں کہ________بھی میرا دوست ہوتا/ہوتی۔

میں______کھیل کھیلنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

میں______فلم دیکھنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

میں______جانور پالنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

10 منٹ

- کام مکمل کرنے کے بعد ٹیچر باری باری بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

## گھر کا کام

- املا کی تیاری کرکے آئیں۔

# سیشن 3

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کاپی نکالیں اور املا لکھیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ
- بچوں سے کہانی کی کتابیں نکالنے کو کہیں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اب ہم کتاب میں اسم(noun) تلاش کریں اور ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔
  - ٹیچر بچوں کو سمجھائیں کہ(اسم) کسی چیز جگہ اور جاندار نام کو کہتے ہیں۔
  - بورڈ پر اسم اور ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ ممکنہ فہرست دی جارہی ہے بچے یہ فہرست اپنی کاپی میں اتاریں۔ کسی پانچ الفاظ کے جملے بنائیں۔ کام نامکمل رہ جانے کی صورت میں گھر سے کر کے لائیں۔

| اسم | English |
|---|---|
| سر | head |
| دل | heart |
| کتاب | book |
| پانی | water |

| اسم | English |
|---|---|
| پتنگ | kite |
| بستر | bed |
| دیو | giant |
| جادوگر | magician |

# سیشن 4

- آج کے سیشن میں فعل (verb) پر کام کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ فعل وہ کلمہ ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جاتا ہے۔ مثلاً بھاگنا، دوڑنا، کھیلنا وغیرہ — 30 منٹ
- کلاس کے 8-6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ کہانی کی پڑھائی کے دوران بچوں کو افعال (verbs) کی نشاندہی کریں۔ — 15 منٹ

- اب بچے کہانی میں سے افعال (verbs) تلاش کرکے کوپی میں لکھیں اور کسی پانچ افعال کو جملوں میں استعمال کریں۔

قلابازیاں، پڑھنا، پہننا، پتنگ اڑانا، سوئے رہنا، نہانا، بھگانا، تصویریں بنانا، چھلانگیں لگانا، چھڑی گھمانا، ہوم ورک کرنا

## گھر کا کام

- آپ کو کہانی یا فلم کا جو کردار پسند ہو اس کے مطابق acting کی تیاری کرکے آئیں۔

# سیشن 5

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • بچوں سے کہیں اپنی کوپی نکالیں۔ اگر مجھے جادو کی چھڑی مل جائے تو اس کے موضوع پر 8-10 جملوں کا مضمون لکھیں۔ |
| 25 منٹ | • بچوں کو باری باری بلائیں۔ بچے گھر سے جس کردار کے بارے میں سوچ کر آئے ہیں اس کی acting کریں۔ اس کے پانچ مکالمے اسی کے انداز میں بولیں۔ کوشش کریں کہ ہر بچے کو acting کو موقع ملا۔ کلاس میں نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔ |

# کبھی دل چاہتا ہے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk